## سیرت النبی ﷺ

| جواب | سوال | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ربیع الاول عام الفیل کو مکہ مکرمہ میں ہوئی | حضور اکرم ﷺ کی ولادت کب اور کہاں ہوئی؟ | 1 |
| حضرت عبد اللہ بن عبد المطلب | نبی کریم ﷺ کے والد کا نام کیا تھا؟ | 2 |
| حضرت آمنہ بنت وہب | نبی اکرم ﷺ کی والدہ کا نام کیا تھا؟ | 3 |
| حضرت عبد المطلب | نبی کریم ﷺ کے دادا کا نام کیا تھا؟ | 4 |
| حضرت ابو طالب | نبی کریم ﷺ کے چچا کا نام جنہوں نے پرورش کی؟ | 5 |
| قریش | آپ ﷺ کا قبیلہ کون سا تھا؟ | 6 |
| حضرت ابراہیم علیہ السلام تک | آپ ﷺ کا نسب کہاں تک جاتا ہے؟ | 7 |
| بکریاں چرانا | نبی کریم ﷺ کا پیشہ بچپن میں کیا تھا؟ | 8 |
| تجارت | جوانی میں آپ ﷺ کا پیشہ کیا تھا؟ | 9 |
| سال کی عمر میں 25 | حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کب ہوا؟ | 10 |
| سات: تین بیٹے، چار بیٹیاں | آپ ﷺ کی کتنی اولاد تھی؟ | 11 |
| حضرت زینب رضی اللہ عنہا | سب سے بڑی بیٹی کا نام؟ | 12 |
| حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ | سب سے چھوٹے بیٹے کا نام؟ | 13 |
| رمضان المبارک میں | پہلی وحی کب نازل ہوئی؟ | 14 |
| غار حرا میں | پہلی وحی کہاں نازل ہوئی؟ | 15 |
| اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّکَ | پہلی وحی کیا تھی؟ | 16 |
| ورقہ بن نوفل | حضرت خدیجہ نے کس سے مشورہ کیا؟ | 17 |
| سال 13 | آپ ﷺ نے مکہ میں کتنے سال دعوت دی؟ | 18 |
| سال 10 | نبی کریم ﷺ نے کتنے سال مدینہ میں گزارے؟ | 19 |
| ابتدا میں ہی، سب سے پہلے مردوں میں | حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے کس وقت اسلام قبول کیا؟ | 20 |
| بچپن میں بچوں میں سب سے پہلے | حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کس عمر میں اسلام قبول کیا؟ | 21 |
| سب سے پہلے عورتوں میں | حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے اسلام کب قبول کیا؟ | 22 |
| نبی ﷺ کے منہ بولے بیٹے | حضرت زید بن حارثہ کون تھے؟ | 23 |

| | | |
|---|---|---|
| 24 | شعب ابی طالب کا محاصرہ کتنے سال رہا؟ | 3سال |
| 25 | عام الحزن کیوں کہا جاتا ہے؟ | حضرت خدیجہؓ اور ابو طالب کی وفات کی وجہ سے |
| 26 | طائف کا سفر کیوں کیا گیا؟ | دعوت اسلام کے لیے |
| 27 | معراج کی رات نبی کریم ﷺ کو کیا عطا ہوئی؟ | نماز کا تحفہ |
| 28 | پہلا ہجرت کرنے والا قافلہ کہاں گیا؟ | حبشہ |
| 29 | نبی کریم ﷺ نے مدینہ پہنچ کر سب سے پہلے کیا کیا؟ | مسجد نبوی کی تعمیر |
| 30 | انصار کا لقب کیا ہے؟ | مدینہ کے مددگار مسلمان |
| 31 | مہاجرین کا لقب کیا ہے؟ | مکہ سے ہجرت کرنے والے مسلمان |
| 32 | مواخات مدینہ کیا تھی؟ | مہاجرین و انصار کو بھائی بنانا |
| 33 | نبی کریم ﷺ کے سب سے پہلے خطیب کون تھے؟ | حضرت ثابت بن قیس |
| 34 | اذان کا طریقہ کس کو خواب میں بتایا گیا؟ | حضرت عبد اللہ بن زید کو |
| 35 | غزوہ بدر کب ہوا؟ | 2ہجری، 17رمضان |
| 36 | غزوہ احد میں کیا ہوا؟ | مسلمان وقتی شکست سے دوچار ہوئے |
| 37 | غزوہ خندق کس تدبیر سے جیتی گئی؟ | خندق کھودنے کی حکمت عملی سے |
| 38 | صلح حدیبیہ کب ہوئی؟ | 6ہجری میں |
| 39 | صلح حدیبیہ کے بعد کون سی فتح ہوئی؟ | فتح خیبر |
| 40 | نبی ﷺ نے رومیوں کو دعوت اسلام کس ذریعے سے دی؟ | خط لکھ کر |
| 41 | فتح مکہ کب ہوئی؟ | 8ہجری |
| 42 | فتح مکہ کے وقت نبی کریم ﷺ کا رویہ کیسا تھا؟ | مکمل معافی کا اعلان |
| 43 | غزوہ حنین کب ہوا؟ | 8ہجری |
| 44 | حجۃ الوداع کب ہوا؟ | 10ہجری |
| 45 | حجۃ الوداع کا خطبہ کہاں دیا گیا؟ | میدان عرفات |
| 46 | خطبہ حجۃ الوداع کا پیغام کیا تھا؟ | مساوات، عدل، خواتین کے حقوق |
| 47 | نبی ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟ | 63سال |

| | | |
|---|---|---|
| 48 | آپ ﷺ کی تدفین کہاں ہوئی؟ | حضرت عائشہؓ کے حجرے میں |
| 49 | آپ ﷺ کی اولاد میں کون سب سے پہلے فوت ہوئے؟ | حضرت قاسم |
| 50 | آپ ﷺ کی سب سے چھوٹی بیٹی کون تھیں؟ | حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا |
| 51 | حضرت فاطمہؓ کا نکاح کس سے ہوا؟ | حضرت علیؓ سے |
| 52 | حضرت حسنؓ اور حسینؓ کون ہیں؟ | نبی ﷺ کے نواسے اور جنتی جوانوں کے سردار |
| 53 | نبی ﷺ کی کتنے ازواج تھیں؟ | 11 |
| 54 | امہات المؤمنین میں سے کون سب سے پہلے فوت ہوئیں؟ | حضرت خدیجہؓ |
| 55 | نبی ﷺ کو آخری وحی کب نازل ہوئی؟ | حجۃ الوداع کے بعد |
| 56 | نبی ﷺ کا لباس کیسا ہوتا تھا؟ | سادہ، سفید رنگ |
| 57 | آپ ﷺ کھانے میں کیا پسند فرماتے؟ | کھجور، شہد، دودھ |
| 58 | نبی ﷺ کے اخلاق کیسے تھے؟ | قرآن کے مطابق |
| 59 | آپ ﷺ کی عادت میں کیا نمایاں تھا؟ | سچائی، امانت، درگزر |
| 60 | نبی ﷺ کا سونا کیسا ہوتا تھا؟ | دائیں کروٹ، اذکار کے ساتھ |
| 61 | نبی ﷺ کے دشمنوں میں سب سے خطرناک کون تھا؟ | ابوجہل |
| 62 | بدر میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟ | 313 |
| 63 | غزوہ احد میں شہداء کی تعداد کتنی تھی؟ | تقریباً70 |
| 64 | غزوہ خندق کی قیادت کس نے کی؟ | نبی کریم ﷺ نے خود |
| 65 | حضرت حمزہؓ کی شہادت کب ہوئی؟ | غزوہ احد میں |
| 66 | نبی ﷺ نے کس کو حبشہ کے قافلے کا سربراہ بنایا؟ | حضرت جعفر طیارؓ |
| 67 | مدینہ منورہ کا پرانا نام کیا تھا؟ | پرانا نام یثرب تھا |
| 68 | نبی ﷺ کے مؤذن کون تھے؟ | حضرت بلال رضی اللہ عنہ |
| 69 | مسجد نبوی میں محراب کب بنایا گیا؟ | حضرت عمرؓ کے دور میں |
| 70 | صحابہ میں سب سے زیادہ حدیثیں کس نے روایت کیں؟ | حضرت ابوہریرہؓ |
| 71 | نبی ﷺ کی اونٹنی کا نام کیا تھا؟ | القصواء |

| | | |
|---|---|---|
| 72 | نبی ﷺ نے یتیموں کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ | محبت وشفقت |
| 73 | نبی کریم ﷺ نے کتنے غزوات میں شرکت فرمائی؟ | تقریباً 27 |
| 74 | سب سے پہلا غزوہ کون سا تھا؟ | غزوہ بدر |
| 75 | نبی ﷺ نے سب سے پہلے کس ملک کے بادشاہ کو دعوت اسلام دی؟ | حبشہ کے بادشاہ نجاشی کو |
| 76 | آپ ﷺ نے قیام مدینہ میں کون سی بڑی مسجد تعمیر فرمائی؟ | مسجد نبوی |
| 77 | نبی کریم ﷺ کی اونٹنی نے کہاں بیٹھ کر قیام فرمایا؟ | ابو ایوب انصاریؓ کے دروازے پر |
| 78 | آپ ﷺ کی انگوٹھی پر کیا لکھا تھا؟ | محمد رسول اللہ |
| 79 | حضرت جبریل علیہ السلام کتنی بار نازل ہوئے؟ | ہزاروں بار، ہر وحی کے ساتھ |
| 80 | نبی ﷺ نے کتنی عمر میں حج فرمایا؟ | 63 سال کی عمر میں |
| 81 | نبی ﷺ کا ظاہری قد کیسا تھا؟ | درمیانہ قد، نہ زیادہ لمبا نہ چھوٹا |
| 82 | آپ ﷺ کا چہرہ مبارک کیسا تھا؟ | چمکتا ہوا، چاند کی طرح |
| 83 | آپ ﷺ کا پسندیدہ رنگ کون سا تھا؟ | سفید |
| 84 | نبی کریم ﷺ دن کا آغاز کس طرح فرماتے؟ | فجر کی نماز اور دعا سے |
| 85 | آپ ﷺ کے بالوں کی لمبائی کتنی ہوتی تھی؟ | کندھوں تک |
| 86 | آپ ﷺ کس طرح کھانا کھاتے؟ | سیدھے ہاتھ سے، بسم اللہ پڑھ کر |
| 87 | آپ ﷺ کی تجارت کس ملک تک جاتی تھی؟ | شام تک |
| 88 | آپ ﷺ کی رحلت کے وقت خلیفہ کون مقرر ہوئے؟ | حضرت ابو بکر صدیقؓ |
| 89 | آپ ﷺ کی قبر کس جگہ ہے؟ | مسجد نبوی میں، حضرت عائشہؓ کے حجرے میں |
| 90 | نبی کریم ﷺ نے اپنی امت کو کیا نصیحت کی؟ | نماز قائم رکھنا، غلاموں کا خیال رکھنا |
| | | |
| | | |

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 91 | حضرت ابو بکر صدیقؓ کا اصل نام کیا تھا؟ | عبد اللہ بن عثمان |
| 92 | صدیق کا لقب کس نے دیا؟ | نبی کریم ﷺ نے معراج کی تصدیق پر |
| 93 | حضرت ابو بکرؓ نے اسلام کب قبول کیا؟ | ابتدا میں ہی، سب سے پہلے مردوں میں |
| 94 | حضرت ابو بکرؓ کا نسب کس قبیلے سے ہے؟ | قریش، بنو تیم |
| 95 | حضرت ابو بکرؓ نے کتنی بار ہجرت کی؟ | ایک بار، نبی ﷺ کے ساتھ مدینہ کی طرف |
| 96 | حضرت ابو بکرؓ کی بیٹی کا نام؟ | حضرت عائشہؓ، ام المؤمنین |
| 97 | حضرت ابو بکرؓ کتنے عرصے خلیفہ رہے؟ | تقریباً 2 سال 3 ماہ |
| 98 | خلیفہ بننے کے بعد حضرت ابو بکرؓ کا پہلا خطبہ کیا تھا؟ | ...جو کمزور ہو گا وہ میرے نزدیک طاقتور ہے |
| 99 | حضرت ابو بکرؓ نے سب سے پہلے کیا اقدام کیے؟ | جھوٹے نبیوں اور منکرین زکوٰۃ کے خلاف جہاد |
| 100 | حضرت ابو بکرؓ کا رنگ و شکل کیسی تھی؟ | دبلا، گندمی رنگت، نرم دل |
| 101 | حضرت ابو بکرؓ نے قرآن مجید کو جمع کرنے کا حکم کب دیا؟ | جنگ یمامہ کے بعد |
| 102 | حضرت ابو بکرؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟ | حضرت عمرؓ نے |
| 103 | حضرت ابو بکرؓ کو کہاں دفن کیا گیا؟ | نبی ﷺ کے پہلو میں |
| 104 | حضرت ابو بکرؓ کی وفات کس سن میں ہوئی؟ | 13 ہجری |
| 105 | حضرت ابو بکرؓ کے والد کا نام؟ | عثمان بن عامر، ابو قحافہ |
| 106 | حضرت ابو بکرؓ کی والدہ کا نام؟ | سلمی بنت صخر |
| 106 | حضرت ابو بکرؓ کی سخاوت کا مشہور واقعہ؟ | تمام مال غزوہ تبوک میں دے دیا |
| 107 | حضرت ابو بکرؓ نے نبی کریم ﷺ کی ہجرت کی تیاری کیسے کی؟ | اونٹنی کا انتظام اور سفر کی رازداری |
| 108 | حضرت ابو بکرؓ کا انتقال کس دن ہوا؟ | پیر کے دن |
| 109 | حضرت ابو بکرؓ کی عمر وفات کے وقت کتنی تھی؟ | سال 63 |
| 110 | حضرت ابو بکرؓ کو کس نے غسل دیا؟ | حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ اور حضرت طلحہؓ |
| 111 | نبی ﷺ نے حضرت ابو بکرؓ کے بارے میں کیا فرمایا؟ | میرے بعد سب سے افضل ابو بکر ہیں |

﴾خلفائے راشدین—حصہ دوم﴿

﴾حضرت عمر فاروقؓ﴿

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 112 | حضرت عمرؓ کا اصل نام کیا تھا؟ | عمر بن خطاب |
| 113 | حضرت عمرؓ کا لقب کیا تھا؟ | الفاروق |
| 114 | حضرت عمرؓ کے اسلام لانے سے کیا فائدہ ہوا؟ | مسلمانوں نے کھل کر عبادت شروع کی |
| 115 | حضرت عمرؓ کا خلیفہ بننے کا سال کیا تھا؟ | 13 ہجری |
| 116 | حضرت عمرؓ کا دورِ خلافت کتنے سال رہا؟ | 10 سال |
| 117 | حضرت عمرؓ نے سب سے پہلے کیا نظام قائم کیا؟ | عدالتی اور مالی نظام |
| 118 | حضرت عمرؓ نے بیت المال کی بنیاد کب رکھی؟ | 15 ہجری میں |
| 119 | حضرت عمرؓ نے تقویم ہجری کب شروع کی؟ | 17 ہجری |
| 120 | حضرت عمرؓ کے دور میں کون سی بڑی فتوحات ہوئیں؟ | شام، عراق، ایران، مصر |
| 121 | حضرت عمرؓ نے قاضی کا نظام کیوں قائم کیا؟ | عدل کے قیام کے لیے |
| 122 | حضرت عمرؓ کا مشہور قول؟ | اپنے نفس کا احتساب کرو قبل اس کے کہ تمہارا محاسبہ ہو |
| 123 | حضرت عمرؓ نبی ﷺ کے کیا تھے؟ | سسر، حضرت حفصہؓ کے والد |
| 124 | حضرت عمرؓ کس کے ہاتھوں شہید ہوئے؟ | ابو لؤلؤ مجوسی |
| 125 | حضرت عمرؓ کا جنازہ کس نے پڑھایا؟ | حضرت صہیب رومیؓ |
| 126 | حضرت عمرؓ کہاں دفن ہوئے؟ | نبی ﷺ اور حضرت ابو بکرؓ کے پہلو میں |
| 127 | حضرت عمرؓ کا رنگ و شکل کیسا تھا؟ | گندمی رنگ، بلند قامت، قوی جسم |
| 128 | حضرت عمرؓ کے مشہور انتظامی کارنامے کیا ہیں؟ | مردم شماری، ڈاک نظام، پولیس نظام |
| 129 | حضرت عمرؓ کا فرمان نماز کے بارے میں؟ | جو نماز کو ضائع کرے، وہ دین کو ضائع کرے گا |
| 130 | حضرت عمرؓ کی صداقت و عدل کی مشہور مثال؟ | قمیص والا واقعہ خطبہ حج میں |
| 131 | حضرت عمرؓ نے کتنی بار حج کیا؟ | 10 بار |
| 132 | آپؓ نے مساجد کے لیے کیا حکم دیا؟ | وسیع اور سادہ رکھو |

| | | |
|---|---|---|
| 133 | حضرت عمرؓ نے کس طرح فقر و فاقہ کا حل نکالا؟ | بیت المال اور راشن کے نظام سے |
| | | |

## ﴿خلفائے راشدین۔حصہ سوئم﴾
## ﴿حضرت عثمان غنیؓ﴾

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 134 | حضرت عثمانؓ کا اصل نام کیا تھا؟ | عثمان بن عفان |
| 135 | حضرت عثمانؓ کا نسب نبی ﷺ سے کس مقام پر جا ملتا ہے؟ | پانچویں پشت پر |
| 136 | حضرت عثمانؓ کا لقب کیا تھا؟ | ذوالنورین (دو نوروں والا) |
| 137 | حضرت عثمانؓ کو ذوالنورین کیوں کہا گیا؟ | نبی ﷺ کی دو بیٹیوں سے نکاح پر |
| 138 | حضرت عثمانؓ نے کتنے ہجرتیں کیں؟ | دو: حبشہ اور مدینہ |
| 139 | حضرت عثمانؓ کا پیشہ کیا تھا؟ | تجارت |
| 140 | حضرت عثمانؓ کی سخاوت کا سب سے مشہور واقعہ؟ | غزوہ تبوک میں ہزار اونٹ |
| 141 | حضرت عثمانؓ کے دور خلافت کی مدت کتنی تھی؟ | تقریباً 12 سال |
| 142 | حضرت عثمانؓ نے قرآن مجید کی تدوین کب کروائی؟ | 25 ہجری میں |
| 143 | حضرت عثمانؓ نے قرآن کے نسخے کتنے شہروں کو بھیجے؟ | 7 بڑے مراکز کو |
| 144 | حضرت عثمانؓ نے بحری بیڑا کس کے مشورے سے بنایا؟ | حضرت معاویہؓ کے مشورے سے |
| 145 | حضرت عثمانؓ نے کتنے فتوحات کیے؟ | افریقہ، قبرص، آرمینیا، آذربائیجان |
| 146 | حضرت عثمانؓ کا اخلاق کیسا تھا؟ | نرم دل، باحیا |
| 147 | حضرت عثمانؓ نے کتنی شادیاں کیں؟ | 8 |
| 148 | حضرت عثمانؓ کا پسندیدہ عمل کیا تھا؟ | قرآن کی تلاوت، صدقہ |
| 149 | حضرت عثمانؓ کا ذاتی کنواں کس نام سے مشہور ہوا؟ | بیر رومہ |
| 150 | حضرت عثمانؓ کی شہادت کیسے ہوئی؟ | بلوائیوں نے گھر میں شہید کیا |
| 151 | شہادت کے وقت حضرت عثمانؓ کیا کر رہے تھے؟ | قرآن کی تلاوت |
| 152 | حضرت عثمانؓ کو کہاں دفن کیا گیا؟ | جنت البقیع میں |

| | | |
|---|---|---|
| 153 | بلوائیوں کا فتنہ کب شروع ہوا؟ | خلافت کے آخری سالوں میں |
| 154 | حضرت عثمانؓ کی شہادت پر صحابہؓ کا ردعمل؟ | شدید غم و غصہ |
| 155 | حضرت عثمانؓ نے کتنی بار حج کیا؟ | کئی بار |
| 156 | حضرت عثمانؓ نے مسجد نبوی کو کب وسعت دی؟ | 29 ہجری میں |
| 157 | حضرت عثمانؓ کا ایک مشہور قول؟ | "ایمان کو لباس کی طرح پہنو" |

﴿خلفائے راشدین—حصہ چہارم﴾

﴿حضرت علی المرتضیٰؓ﴾

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 158 | حضرت علیؓ کا پورا نام کیا تھا؟ | علی بن ابی طالب |
| 159 | حضرت علیؓ نبی ﷺ کے کون تھے؟ | چچازاد بھائی اور داماد |
| 160 | حضرت علیؓ نے اسلام کب قبول کیا؟ | بچپن میں، سب سے پہلے بچوں میں |
| 161 | حضرت علیؓ نبی ﷺ کے بستر پر کب سوئے؟ | ہجرت کی رات |
| 162 | حضرت علیؓ کا نکاح کس سے ہوا؟ | حضرت فاطمہ الزہراءؓ سے |
| 163 | حضرت علیؓ کے بیٹوں کے نام؟ | حسنؓ، حسینؓ، محسنؓ |
| 164 | حضرت علیؓ نے نبی ﷺ کے ساتھ کتنے غزوات میں شرکت کی؟ | تمام بڑے غزوات |
| 165 | خیبر کے موقع پر نبی ﷺ نے علم کس کو دیا؟ | حضرت علیؓ کو |
| 166 | حضرت علیؓ کا لقب کیا تھا؟ | شیر خدا، اسد اللہ |
| 167 | نبی ﷺ نے حضرت علیؓ کو کیا فرمایا؟ | "میں علم کا شہر ہوں، علی اس کا دروازہ ہے" |
| 168 | حضرت علیؓ کی خلافت کب شروع ہوئی؟ | 35 ہجری |
| 169 | حضرت علیؓ کی خلافت کتنے سال رہی؟ | تقریباً 5 سال |

| | | |
|---|---|---|
| 170 | حضرت علیؓ کی مشہور جنگیں کون سی تھیں؟ | جمل، صفین، نہروان |
| 171 | حضرت علیؓ کی شہادت کیسے ہوئی؟ | ابن ملجم خوارجی نے زہر آلود تلوار سے ضرب ماری |
| 172 | حضرت علیؓ کو کہاں دفن کیا گیا؟ | نجف، عراق |
| 173 | حضرت علیؓ کا علمی مقام کیسا تھا؟ | علم وعدل میں بے مثال |
| 174 | حضرت علیؓ کے اقوال میں سے مشہور قول؟ | "جس پر احسان کرو، اس کے شر سے بچو" |
| 175 | حضرت علیؓ کی بہادری کی مثال؟ | جنگ خیبر میں دروازہ اکھاڑنا |
| 176 | حضرت علیؓ کتنی عمر کے تھے جب خلیفہ بنے؟ | تقریباً 58 سال |
| 177 | حضرت علیؓ کا زہد کیسا تھا؟ | دنیا سے بے رغبت، سادہ زندگی |
| 178 | حضرت علیؓ کے کتنے بچے تھے؟ | 15 بیٹے، 18 بیٹیاں (بشمول کنیزوں سے) |
| 179 | حضرت علیؓ کی عدالت کا نظام کیسا تھا؟ | انصافی، ذاتی نگرانی میں |
| 180 | حضرت علیؓ کے علم پر نبی ﷺ نے کیا فرمایا؟ | "علی حق پر ہے اور حق علی کے ساتھ ہے" |

## ﴿قرآن پاک﴾

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 181 | قرآنِ پاک کس زبان میں نازل ہوا؟ | عربی زبان میں |
| 182 | قرآن کتنے سال میں مکمل نازل ہوا؟ | تقریباً 23 سال |
| 183 | قرآن پاک کا پہلا لفظ کیا تھا؟ | اِقْرَأْ |
| 184 | قرآن کا سب سے پہلا مکمل سورۃ کون سی نازل ہوئی؟ | سورۃ الفاتحہ |
| 185 | قرآن مجید کتنے پاروں پر مشتمل ہے؟ | 30 پارے |
| 186 | قرآن پاک میں کتنی سورتیں ہیں؟ | 114 سورتیں |
| 187 | قرآن کی سب سے لمبی سورۃ کون سی ہے؟ | سورۃ البقرہ |
| 188 | قرآن کی سب سے چھوٹی سورۃ کون سی ہے؟ | سورۃ الکوثر |
| 189 | قرآن کی سب سے بڑی آیت کون سی ہے؟ | آیت الدَین (قرض کی آیت) |
| 190 | قرآن کی کون سی سورۃ بغیر "بسم اللہ" کے شروع ہوتی ہے؟ | سورۃ التوبہ |
| 191 | قرآن کی کون سی سورۃ میں دو "بسم اللہ" ہیں؟ | سورۃ النمل |

| | | |
|---|---|---|
| 192 | قرآن کا محافظ کون ہے؟ | اللہ تعالیٰ خود |
| 193 | قرآن مجید کو سب سے پہلے کس نے جمع کیا؟ | حضرت ابو بکر صدیقؓ کے دور میں |
| 194 | قرآن کا سرکاری نسخہ کس نے مرتب کروایا؟ | حضرت عثمانؓ نے |
| 195 | قرآن کا سب سے پہلا نازل شدہ حصہ کیا تھا؟ | سورۃ العلق کی ابتدائی آیات |
| 196 | قرآن کی آخری نازل شدہ آیت کون سی ہے؟ | "وَاتَّقُوا يَوْمًا تُرْجَعُونَ فِيهِ إِلَى اللَّهِ" |
| 197 | کتنی سورتیں مکی اور مدنی ہیں؟ | مکی: تقریباً86، مدنی: تقریباً28 |
| 198 | قرآن کی تفسیر کس زبان میں سب سے پہلے ہوئی؟ | عربی |
| 199 | قرآن مجید کے نزول کا پہلا مقام کیا تھا؟ | غارِ حرا |
| 200 | قرآن میں کون سی سورۃ "ام القرآن" کہلاتی ہے؟ | سورۃ الفاتحہ |
| 201 | قرآن کو پڑھنے کا سب سے پہلا حق کیا ہے؟ | ترتیل سے پڑھنا |
| 202 | قرآن پاک کی کون سی سورۃ کو قرآن کا دل کہا گیا؟ | سورۃ یٰس |
| 203 | قرآن کی وہ کون سی سورۃ ہے جسے نبی ﷺ نے "ثلث القرآن" کہا؟ | سورۃ الاخلاص |
| 204 | قرآن مجید میں سب سے زیادہ کس نبی کا ذکر ہے؟ | حضرت موسیٰ علیہ السلام |
| 205 | قرآن مجید میں نبی کریم ﷺ کا نام کتنی بار آیا؟ | 4"بار" محمد"، 1بار" احمد |
| 206 | قرآن میں سب سے زیادہ کس چیز کا حکم ہے؟ | تقویٰ اختیار کرنے کا |
| 207 | سورۃ فاتحہ کو اور کیا نام دیا گیا ہے؟ | الشفاء، السبع المثانی |
| 208 | قرآن میں سب سے طویل سورت کے بعد کون سی بڑی سورت ہے؟ | سورۃ آل عمران |
| 209 | قرآن مجید کی ترتیب کون سی ہے؟ | توقیفی (نبی ﷺ کی بتائی گئی ترتیب) |
| 210 | وہ کون سی سورۃ ہے جو مکمل جنگ پر مشتمل ہے؟ | سورۃ الانفال |
| 211 | وہ سورۃ جس کا موضوع خالص عبادات ہے؟ | سورۃ الفاتحہ |
| 213 | قرآن میں ایمان کے بعد سب سے زیادہ ذکر کس چیز کا ہے؟ | اعمالِ صالحہ |
| 214 | قرآن میں نفاق کا ذکر کس سورۃ میں تفصیل سے آیا ہے؟ | سورۃ المنافقون |
| 215 | قرآن کی وہ سورۃ جو عورتوں کے احکام پر مشتمل ہے؟ | سورۃ النساء |
| 216 | قرآن کی سورۃ جس میں طلاق کے احکام بیان ہوئے؟ | سورۃ الطلاق |

| | | |
|---|---|---|
| 217 | قرآن میں کتنے نبیوں کا ذکر ہے؟ | 25 |
| 218 | قرآن کی وہ سورۃ جس میں سورۃ کا نام جانور ہے؟ | سورۃ البقرہ، سورۃ العنکبوت، سورۃ النمل |
| 219 | قرآن مجید کا وہ حصہ جسے "آیات الاحکام" کہا جاتا ہے؟ | تقریباً500 آیات |
| 220 | قرآن کی سب سے جامع آیت کون سی ہے؟ | آیت البر (البقرہ:177) |
| 221 | قرآن کی وہ آیت جسے آیتِ سیف (تلوار والی آیت) کہا جاتا ہے؟ | سورۃ التوبہ:5 |
| 222 | قرآن پاک کے وہ الفاظ جن سے سورتیں شروع ہوتی ہیں؟ | حروف مقطعات |
| 223 | قرآن پاک کا وہ جملہ جو سب سے زیادہ دہرایا گیا؟ | " فَبِاَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ " |
| 224 | قرآن کی سب سے پہلی وحی کتنی آیات پر مشتمل تھی؟ | آیات 5 |
| 225 | قرآن پڑھنے پر کیا اجر ملتا ہے؟ | ہر حرف پر10 نیکیاں |
| 226 | قرآن کی وہ سورۃ جسے دلوں کا علاج کہا گیا؟ | سورۃ الفاتحہ |
| 227 | وہ سورۃ جو جنگ بدر کے بعد نازل ہوئی؟ | سورۃ الانفال |
| 228 | قرآن میں سب سے زیادہ بیان ہونے والا واقعہ کون سا ہے؟ | حضرت موسیٰؑ اور فرعون کا |
| 229 | قرآن میں "یوم الدین" کا مطلب کیا ہے؟ | جزا و سزا کا دن |
| 230 | قرآن میں کتنی بار "رحمٰن الرحیم" آیا ہے؟ | مرتبہ 113 |
| 231 | قرآن میں نبیوں کے علاوہ کن قوموں کا ذکر ہے؟ | عاد، ثمود، مدین، بنی اسرائیل |
| 232 | قرآن میں عورتوں پر سب سے زیادہ زور کس چیز پر دیا؟ | حیا، پردہ، عدل |
| 233 | قرآن کی وہ سورۃ جس میں خالص عقیدہ توحید بیان کیا گیا؟ | سورۃ الاخلاص |
| 234 | قرآن میں جنت کا ذکر سب سے زیادہ کس سورۃ میں آیا؟ | سورۃ الرحمن |
| 235 | قرآن میں سب سے زیادہ بار دہرائی جانے والی سورۃ؟ | سورۃ الفاتحہ (نماز میں) |
| 236 | قرآن کی وہ سورۃ جو سفر کی دعا میں پڑھی جاتی ہے؟ | سورۃ الزخرف:13-14 |
| 237 | قرآن میں سب سے پہلے حکم کیا تھا؟ | علم حاصل کرنا |
| 238 | قرآن میں آخری حکم کیا تھا؟ | سود سے بچنے کا حکم |
| 239 | قرآن کی وہ سورۃ جو دعاؤں پر مشتمل ہے؟ | سورۃ البقرہ، سورۃ آل عمران |
| 240 | قرآن میں "متقین" کے لیے کیا وعدہ ہے؟ | جنتیں، کامیابی |

| | | |
|---|---|---|
| 241 | قرآن کی وہ سورۃ جس کا ایک نام "بنی اسرائیل" بھی ہے؟ | سورۃ الاسراء |
| 242 | قرآن میں شیطان کے خلاف سب سے مؤثر دعا کون سی ہے؟ | سورۃ الناس |
| 242 | قرآن کی وہ سورۃ جس میں سب سے پہلے ایمان والوں کو مخاطب کیا گیا؟ | سورۃ البقرہ: یَا أَیُّهَا الَّذِینَ آمَنُوا |
| 243 | قرآن کے الفاظ کو سمجھنے کے لیے سب سے پہلا حق؟ | عربی زبان سیکھنا |
| 244 | قرآن سے محبت کا نتیجہ کیا ہے؟ | دنیا و آخرت میں کامیابی |
| 245 | قرآن کی وہ سورۃ جس میں سب سے زیادہ "اللہ" کا نام آیا؟ | سورۃ المجادلہ |
| 246 | قرآن میں سب سے پہلے نازل ہونے والی سورت کون سی ہے؟ | سورۃ العلق (پہلی 5 آیات) |
| 247 | قرآن میں کس جانور کا ذکر سب سے زیادہ آیا ہے؟ | اونٹ، گائے، مکھی، مکڑی، ہاتھی وغیرہ |
| 248 | قرآن میں سب سے پہلے ذکر ہونے والی قوم کون سی ہے؟ | بنی اسرائیل |
| 249 | قرآن میں کتنے مذکورہ نبیوں کے نام ہیں؟ | 25 |
| 250 | قرآن میں سب سے پہلے جو نبی ذکر ہوئے وہ کون ہیں؟ | حضرت آدمؑ |
| 251 | قرآن میں کس نبی کو "کلیم اللہ" کہا گیا؟ | حضرت موسیٰؑ |
| 252 | قرآن میں حضرت عیسیٰؑ کا ذکر کس انداز سے ہے؟ | روح اللہ، کلمۃ اللہ |
| 253 | قرآن میں حضرت یوسفؑ کے قصے کو کیا کہا گیا؟ | احسن القصص |
| 254 | قرآن میں دعا کے سب سے زیادہ الفاظ کس سورۃ میں ہیں؟ | سورۃ البقرہ |
| 255 | قرآن میں کس نبی کی دعا کو فوری قبول کیا گیا؟ | حضرت زکریاؑ |
| 256 | قرآن میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والا لفظ کون سا ہے؟ | "اللہ" |
| 257 | قرآن کی وہ سورۃ جس میں مکمل ایک نبی کا قصہ ہے؟ | سورۃ یوسف |
| 258 | قرآن کی وہ سورۃ جو مکمل آخرت پر ہے؟ | سورۃ القارعۃ، سورۃ الزلزلۃ |
| 259 | قرآن میں جنت کی سب سے حسین صفت کیا بتائی گئی؟ | نہر، دائمی زندگی، رضائے الٰہی |
| 260 | قرآن میں دوزخ کا سب سے سخت بیان کہاں ہے؟ | سورۃ الواقعہ، سورۃ النبأ |
| 261 | قرآن سننے پر کیا حکم ہے؟ | غور سے سنو، خاموش رہو |
| 262 | قرآن کس مہینے میں نازل ہوا؟ | رمضان |
| 263 | قرآن کو کس نے حفظ کیا سب سے پہلے؟ | نبی کریم ﷺ خود |

| | | |
|---|---|---|
| 264 | قرآن پر عمل کرنے کا سب سے بڑا انعام کیا ہے؟ | اللہ کی رضا اور جنت |

﴿نماز﴾

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 265 | نماز کس پر فرض ہے؟ | ہر بالغ، عاقل، مسلمان مرد و عورت پر |
| 266 | قرآن میں نماز کا حکم کتنی بار آیا؟ | 700 سے زائد مقامات پر |
| 267 | نماز کب فرض ہوئی؟ | معراج کی رات |
| 268 | پانچ وقت کی نمازیں کون سی ہیں؟ | فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشاء |
| 269 | نماز سے پہلے کیا چیز فرض ہے؟ | وضو |
| 270 | وضو کے بغیر نماز کیسی ہوتی ہے؟ | قبول نہیں ہوتی |
| 271 | نماز میں قبلہ کس طرف ہے؟ | خانہ کعبہ کی سمت |
| 272 | مسجد میں نماز کی فضیلت کیا ہے؟ | 27 گنا زیادہ اجر |
| 273 | جماعت کے ساتھ نماز کا کیا درجہ ہے؟ | تنہا نماز سے 27 درجے افضل |
| 274 | نماز ترک کرنے والا گناہگار ہے؟ | ہاں، کبیرہ گناہ |
| 275 | تکبیر تحریمہ کیا ہے؟ | نماز کا آغاز "اللہ اکبر" سے |
| 276 | نماز چھوڑنے کا کیا نقصان ہے؟ | اللہ کی ناراضی، عذاب |
| 277 | نماز میں خشوع کیا ہے؟ | دل کی حاضری اور عاجزی |
| 278 | فرض نماز کے علاوہ کون سی نمازیں اہم ہیں؟ | سنت مؤکدہ، وتر، تہجد |
| 279 | نماز کا سب سے پہلا سوال قیامت میں کس بارے میں ہو گا؟ | نماز کے بارے میں |
| 280 | نماز میں عورت کے لیے کپڑے کا کیا حکم ہے؟ | پورے جسم کا پردہ، چہرہ اور ہاتھ چھپے |
| 281 | نماز سے قبل اذان دینا کب شروع ہوئی؟ | مدینہ منورہ میں، نبی ﷺ کے دور میں |
| 283 | اذان کے بعد اقامت کا حکم کس نے دیا؟ | نبی کریم ﷺ نے |
| 284 | جمعہ کی نماز کے لیے کتنے خطبے ہوتے ہیں؟ | دو خطبے |
| 285 | بیمار شخص نماز کیسے پڑھے؟ | حسبِ استطاعت، بیٹھ کر یا لیٹ کر |
| 286 | سفر میں نماز کا کیا حکم ہے؟ | قصر (دو رکعت) پڑھنا سنت ہے |

| | | |
|---|---|---|
| 287 | بارش یا عذر کی صورت میں جماعت کا کیا حکم ہے؟ | گھر میں پڑھنے کی اجازت ہے |
| 288 | قیامت کے دن سب سے پہلے کس عمل کا حساب ہو گا؟ | نماز |
| 289 | نماز کے ذریعے بندہ اللہ کے سب سے قریب کب ہوتا ہے؟ | سجدے کی حالت میں |
| 290 | سفر میں کتنی نمازیں قصر کی جاتی ہیں؟ | چار رکعت والی نمازیں دو رکعت پڑھی جاتی ہیں |
| 291 | جماعت کے لیے امام بننے کے شرائط کیا ہیں؟ | بالغ، عاقل، مرد، قرآن سے واقف |
| 292 | جمعہ کے دن کون سی سورت پڑھنا افضل ہے؟ | سورۃ الکہف |
| 293 | امام کی غلطی پر مقتدی کیا کرے؟ | سبحان اللہ کہے |
| 294 | اذان کا جواب دینا کیسا ہے؟ | سنت ہے |
| 295 | اقامت کے وقت کھڑا ہونے کا افضل وقت کیا ہے؟ | قد قامت الصلاۃ" پر" |
| 296 | جماعت میں تاخیر سے شامل ہونے والا کیا کرے؟ | باقی نماز امام کے ساتھ پڑھے، چھوٹا ہوا مکمل کرے |
| 297 | مسجد میں داخل ہوتے وقت کون سی دعا پڑھنی چاہیے؟ | اللهم افتح لي أبواب رحمتك |
| 298 | فرض نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا؟ | جائز ہے، نبی ﷺ سے ثابت ہے |
| 299 | عورتوں کے لیے سجدے کا انداز کیسا ہو؟ | سمٹ کر سجدہ کریں |
| 300 | نماز کے بعد کون سی اذکار سنت ہیں؟ | تسبیحات، استغفار، آیۃ الکرسی |
| 301 | وتر نماز کے بعد قنوت کب پڑھنی ہے؟ | رکوع سے پہلے |
| | | |
| 302 | نماز کے ساتھ روزی کا تعلق کیا ہے؟ | نماز برکت اور رزق میں اضافہ کا ذریعہ ہے |
| 304 | نماز میں تسبیحات کی تعداد کیا ہے؟ | رکوع و سجدہ میں کم از کم 3 بار |
| 305 | نماز با جماعت کا سب سے بڑا فائدہ کیا ہے؟ | اتحاد و برکت |
| 306 | نماز جنازہ میں رکوع و سجدہ کیوں نہیں؟ | یہ دعا ہے، عبادت نہیں |
| 307 | نماز کی قبولیت کی علامت کیا ہے؟ | عاجزی، خشوع، اثرات زندگی میں |
| 308 | نماز کو ترک کرنے والا دل سے بیمار کیوں ہوتا ہے؟ | اللہ سے تعلق کمزور ہوتا ہے |
| 309 | نماز کی پابندی انسان کو کن برائیوں سے بچاتی ہے؟ | بے حیائی، منکرات |
| 310 | نماز پڑھنے والا کس کے قریب ہوتا ہے؟ | اللہ تعالیٰ کے |

| | | |
|---|---|---|
| 311 | نماز میں صفیں سیدھی کرنا کیسا ہے؟ | سنت مؤکدہ ہے |
| 312 | نفل نمازوں کی سب سے افضل قسم کون سی ہے؟ | تہجد |
| 313 | جمعہ کی نماز سے پہلے کتنی رکعت سنتیں ہیں؟ | چار رکعت |
| 314 | جمعہ کے بعد کتنی رکعت سنتیں ہیں؟ | پہلے چار پھر دو رکعت |
| 315 | تراویح کی نماز کا وقت کیا ہے؟ | عشاء کے بعد تا سحری |
| 316 | نماز جمعہ نہ مل سکے تو کیا کرے؟ | ظہر کی نماز ادا کرے |
| 317 | نابینا شخص کے لیے مسجد آنا ضروری ہے؟ | نبی ﷺ نے ہاں کہا |
| 318 | نیت کرتے وقت دل میں کیا ارادہ ہو؟ | مخصوص نماز کی پہچان |
| 319 | نماز مومن کی کیا حیثیت رکھتی ہے؟ | مومن کی معراج ہے |
| | | |

## ﴿غزوات﴾

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 320 | غزوہ کسے کہتے ہیں؟ | جس جنگ میں نبی ﷺ نے بنفسِ نفیس شرکت فرمائی |
| 321 | نبی ﷺ نے کل کتنے غزوات میں شرکت فرمائی؟ | تقریباً27 |
| 322 | سب سے پہلا غزوہ کون سا تھا؟ | غزوہ ودّان یا ابواء |
| 323 | سب سے پہلا بڑا غزوہ کون سا تھا؟ | غزوہ بدر |
| 324 | غزوہ بدر کب پیش آیا؟ | رمضان 2 ہجری |
| 325 | غزوہ بدر میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟ | 313 |
| 326 | غزوہ بدر میں کفار کی تعداد کتنی تھی؟ | تقریباً1000 |
| 327 | غزوہ بدر میں مسلمانوں کو کامیابی کیسے ملی؟ | اللہ کی مدد اور فرشتوں کے ذریعے |
| 328 | غزوہ احد کب پیش آیا؟ | شوال 3 ہجری |
| 329 | غزوہ احد میں مسلمانوں کی کیا حکمتِ عملی تھی؟ | مدافعتی جنگ |
| 330 | غزوہ احد میں نبی ﷺ کو زخم کہاں آئے؟ | چہرہ، کندھا، دانت مبارک شہید ہوا |
| 331 | غزوہ خندق کا دوسرا نام کیا ہے؟ | غزوہ احزاب |

| | | |
|---|---|---|
| 332 | خندق کھودنے کی تجویز کس نے دی؟ | حضرت سلمان فارسیؓ |
| 333 | غزوہ خندق کب پیش آیا؟ | شوال 5 ہجری |
| 334 | خندق کی لمبائی کتنی تھی؟ | تقریباً 5 کلومیٹر |
| 335 | غزوہ خندق میں کفار کے سردار کون تھے؟ | ابو سفیان بن حرب |
| 336 | غزوہ خندق میں فتح کس کی ہوئی؟ | مسلمانوں کی |
| 337 | غزوہ بنی قریظہ کب پیش آیا؟ | غزوہ خندق کے فوراً بعد |
| 338 | بنو قریظہ کس قبیلے سے تھے؟ | یہود مدینہ سے |
| 339 | غزوہ بنی النضیر کا سبب کیا تھا؟ | نبی ﷺ کو قتل کی سازش |
| 340 | غزوہ احد میں نبی ﷺ نے کس تلوار کا استعمال کیا؟ | ذوالفقار |
| 341 | غزوہ بدر میں کس فرشتے نے قیادت کی؟ | حضرت جبریل علیہ السلام |
| 342 | غزوہ بدر میں سب سے پہلے شہید کون ہوئے؟ | حضرت عبیدہ بن حارثؓ |
| 343 | غزوات کے ذریعے مسلمانوں کو کیا فائدہ ہوا؟ | دینی آزادی، اسلامی ریاست کا تحفظ |
| 344 | غزوہ بنی النضیر میں مسلمانوں نے کیا کیا؟ | یہودیوں کو جلاوطن کیا |
| 345 | غزوہ بنی قینقاع کب پیش آیا؟ | 2 ہجری |
| 346 | بنو قینقاع پر الزام کیا تھا؟ | مسلم عورت کی بے حرمتی |
| 347 | غزوہ ذی امر میں کیا واقعہ پیش آیا؟ | قبیلہ غطفان کے خلاف چھاپہ مارا گیا |
| 348 | غزوہ سویق کا پس منظر کیا تھا؟ | ابو سفیان کی سازش کے جواب میں |
| 349 | غزوہ احد میں کتنے صحابہ شہید ہوئے؟ | تقریباً 70 |
| 350 | احد کے شہداء کے سردار کون تھے؟ | حضرت حمزہؓ |
| 351 | غزوہ احد میں منافقین کی کیا حرکت تھی؟ | عبد اللہ بن اُبی 300 افراد کے ساتھ واپس چلا گیا |
| 352 | غزوہ حمراء الاسد کا مقصد کیا تھا؟ | کفار کو تعاقب کر کے مرعوب کرنا |
| 353 | غزوہ بدر میں کافروں کے 70 سردار مارے گئے، سب سے بڑا سردار؟ | ابو جہل |
| 354 | غزوہ خندق میں سرد ترین رات کو نبی ﷺ نے کیا کیا؟ | دعا کی اور حضرت حذیفہؓ کو بھیجا |
| 355 | غزوہ بدر میں مسلمانوں کے پاس کتنے گھوڑے تھے؟ | صرف 2 |

| | | |
|---|---|---|
| 356 | حضرت حذیفہؓ کس غزوہ میں "راز دار رسول" کہلائے؟ | غزوہ خندق |
| 357 | غزوہ مریسیع کس قبیلے کے خلاف ہوا؟ | بنو المصطلق |
| 358 | غزوہ مریسیع میں خاص واقعہ کیا پیش آیا؟ | حضرت جویریہؓ کا نکاح ہوا |
| 359 | غزوہ خیبر کب پیش آیا؟ | 7 ہجری |
| 360 | خیبر کس قوم کا علاقہ تھا؟ | یہودیوں کا |
| 361 | خیبر کے قلعے کتنے تھے؟ | تقریباً 7 |
| 362 | غزوہ خیبر میں فتح کیسے حاصل ہوئی؟ | حضرت علیؓ کی قیادت میں |
| 363 | غزوہ ذات الرقاع کا واقعہ کیا ہے؟ | دشمنوں سے بچاؤ کے لیے صلات الخوف ادا کی گئی |
| 364 | صلات الخوف کیا ہے؟ | خوف کے وقت کی نماز |
| 365 | غزوہ بدر میں قیدیوں کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا؟ | اچھے سلوک کے ساتھ رہا کیا گیا |
| 366 | غزوات کے ذریعے اسلامی ریاست کو کیا فائدہ ہوا؟ | تحفظ، وسعت، دشمنوں کی مرعوبیت |
| 367 | نبی ﷺ نے کسی قیدی کو ذاتی طور پر رہا کیا؟ | ہاں، کئی قیدیوں کو احساناً چھوڑا |
| 368 | غزوہ موتہ کب پیش آیا؟ | 8 ہجری |
| 369 | غزوہ موتہ میں مسلمانوں کے سردار کون تھے؟ | زید بن حارثہؓ، جعفرؓ، عبد اللہ بن رواحہؓ |
| 370 | غزوہ موتہ میں دشمن کون تھے؟ | رومی لشکر |
| 371 | غزوہ حنین کب ہوا؟ | شوال 8 ہجری |
| 372 | غزوہ حنین میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟ | تقریباً 12,000 |
| 373 | غزوہ حنین میں پہلے مرحلے میں کیا ہوا؟ | مسلمان پسپا ہو گئے |
| 374 | حنین میں نبی ﷺ نے کیا فرمایا؟ | "أنا النبي لا كذب" |
| 375 | غزوہ طائف کب پیش آیا؟ | غزوہ حنین کے بعد |
| 376 | طائف کا محاصرہ کتنے دن رہا؟ | تقریباً 20 دن |
| 377 | غزوہ تبوک کب پیش آیا؟ | رجب 9 ہجری |
| 378 | غزوہ تبوک کو غزوہ کیوں کہا جاتا ہے حالانکہ لڑائی نہیں ہوئی؟ | لشکر نکل گیا، نیت جنگ تھی |
| 379 | غزوہ تبوک میں کتنے صحابہ شریک ہوئے؟ | تقریباً 30,000 |

| | | |
|---|---|---|
| 380 | غزوہ تبوک میں نبی ﷺ نے کونسا درخت لگایا؟ | کھجور کا درخت جو آج بھی موجود ہے |
| 381 | غزوہ بدر کے قیدیوں کے بارے میں قرآن میں کیا کہا گیا ہے؟ | فدیہ لے کر چھوڑ دو یا احساناً چھوڑو |
| 382 | غزوہ احد میں ابو دُجانہؓ نے کیا کیا؟ | نبی ﷺ کے سامنے ڈھال بنے |
| 383 | غزوہ احد میں عورتوں نے کیا کردار ادا کیا؟ | زخمیوں کی مرہم پٹی |
| 384 | غزوہ خندق میں عورتیں کہاں تھیں؟ | ایک محفوظ قلعہ میں |
| 385 | غزوہ خیبر میں نبی ﷺ نے کس کو جھنڈا دیا؟ | حضرت علیؓ کو |
| 386 | غزوہ خیبر کے بعد یہودیوں سے کیسا معاہدہ ہوا؟ | زمین پر کاشت، آدھی پیداوار مسلمانوں کی |
| 387 | نبی ﷺ نے کتنے سریہ بھیجے؟ | تقریباً60سے زائد |
| 388 | سریہ کسے کہتے ہیں؟ | وہ مہم جس میں نبی ﷺ شریک نہ ہوں |
| 389 | سب سے پہلا سریہ کون سا تھا؟ | سریہ حمزہؓ بن عبد المطلب |
| 390 | سریہ میں کامیابی کا انحصار کس پر ہوتا تھا؟ | تقویٰ، نیت، حکمت |
| 391 | غزوات سے نبی ﷺ نے دنیاوی فتح چاہی یا دینی؟ | دین کی بقا، ظلم کا خاتمہ |
| 392 | نبی ﷺ نے تمام غزوات میں کیا رویہ اختیار فرمایا؟ | صبر، معافی، حکمت، عدل |
| 393 | غزوہ بدر کے بعد قریش کے رویے میں کیا تبدیلی آئی؟ | بغض و دشمنی بڑھ گئی |
| 394 | غزوہ احد کے بعد نبی ﷺ نے صحابہ کو کیا تعلیم دی؟ | ثابت قدمی، اطاعت |
| 395 | غزوہ خندق میں مسلمانوں کی اصل کامیابی کیا تھی؟ | اتحاد اور دفاعی حکمت عملی |
| 396 | نبی ﷺ نے کسی غزوہ میں پہل کی؟ | دفاعی جنگیں تھیں، ہاں بدر میں راستہ روکنے کی کوشش کی گئی |
| 397 | غزوہ حنین کے بعد نبی ﷺ نے مالِ غنیمت کیسا تقسیم کیا؟ | عدل و حکمت سے، نئے مسلمانوں کو ترجیح |
| 398 | غزوات میں نبی ﷺ نے قیدیوں کے ساتھ عمومی رویہ کیسا رکھا؟ | رحم، تعلیم دینا، معافی |
| 399 | غزوات میں فتح کا اصل سبب کیا تھا؟ | ایمان، اتحاد، نبی ﷺ کی قیادت |
| 400 | نبی ﷺ نے کب ہتھیار ڈالے؟ | کبھی نہیں، مگر صلح حدیبیہ میں جنگ نہیں کی |
| 401 | نبی ﷺ کی تلواروں کے کیا نام تھے؟ | ذوالفقار، البتار، الماثور |
| 402 | نبی ﷺ نے کہاں سب سے زیادہ خندق کا کام خود کیا؟ | غزوہ خندق میں |
| 403 | فتح مکہ جنگ تھی یا پرامن؟ | پرامن، بغیر خونریزی |

| | | |
|---|---|---|
| 404 | فتح مکہ کے بعد نبی ﷺ کا پہلا حکم کیا تھا؟ | بتوں کو توڑنا |
| 405 | نبی ﷺ نے غزوات میں کتنے صحابہ کو خصوصی دعا دی؟ | متعدد کو، خاص طور پر حضرت علیؓ |
| 406 | غزوات میں نبی ﷺ کے ساتھ کون سی خاص دعائیں شامل رہتی تھیں؟ | نصرت، استقامت، دشمن کی پسپائی |
| 407 | غزوہ بدر میں قریش کے سردار کون تھے؟ | ابو جہل، عتبہ، شیبہ |
| 408 | نبی ﷺ نے احد کے شہداء کے ساتھ کیا سلوک فرمایا؟ | خود دفن کیا، زیارت کرتے تھے |
| 409 | احد کے شہداء کا مقام کیا ہے؟ | زندہ ہیں، رب کے پاس رزق پاتے ہیں |
| 410 | غزوات کے بعد نبی ﷺ کا پیغام کیا ہوتا تھا؟ | دعوتِ اسلام، معافی، عدل |
| 411 | نبی ﷺ نے جنگی قیدیوں کو تعلیم دینے کے بدلے کیا فرمایا؟ | رہائی دی جاتی تھی |
| 412 | نبی ﷺ نے غزوات سے حاصل ہونے والا مال کہاں خرچ کیا؟ | فقراء، مجاہدین، فی سبیل اللہ |
| 413 | کیا نبی ﷺ کسی قبیلے پر بے وجہ حملہ کرتے؟ | نہیں، ہمیشہ دفاعی یا اصلاحی جنگ ہوتی |
| 414 | نبی ﷺ نے اپنی امت کو جنگ کے متعلق کیا ہدایت دی؟ | اخلاقیات، مظلوم کا ساتھ، ظلم سے بچنا |
| 415 | نبی ﷺ کی آخری جنگ کون سی تھی؟ | غزوہ تبوک |
| 416 | نبی ﷺ کی غزوات کی حکمت کیا تھی؟ | دین کا تحفظ، ظلم کا خاتمہ، امن کا قیام |

## فرضیت روزہ

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 417 | روزہ کسے کہتے ہیں؟ | صبح صادق سے لے کر غروبِ آفتاب تک کھانے، پینے اور دیگر ممنوعات سے پرہیز کرنا |
| 418 | روزہ کس پر فرض ہے؟ | بالغ، عاقل، مسلمان، مقیم افراد پر |
| 419 | روزہ کب فرض ہوا؟ | ہجری میں 2 |
| 420 | روزے کی فرضیت قرآن میں کہاں ہے؟ | سورۃ البقرہ: آیت 183 |
| 421 | روزے کا مقصد کیا ہے؟ | تقویٰ حاصل کرنا |
| 422 | رمضان کے روزے سال میں کتنے ہوتے ہیں؟ | 29 یا 30 |
| 423 | روزے کے بغیر رمضان گزارنا کیسا ہے؟ | کبیرہ گناہ |
| 424 | اگر کوئی بلا عذر روزہ توڑے تو؟ | کفارہ دینا واجب ہے |

| | | |
|---|---|---|
| بلوغت کے بعد | بچوں پر روزہ کب فرض ہوتا ہے؟ | 425 |
| جی ہاں، بہت زیادہ | کیا نفل روزے رکھنا ثواب کا باعث ہے؟ | 426 |
| معاف ہے، بعد میں قضا ضروری | سفر میں روزہ فرض ہے یا معاف؟ | 426 |
| صحت یاب ہو کر قضا کرے | بیمار شخص روزہ نہ رکھ سکے تو؟ | 427 |
| سخت وعید، گناہ کبیرہ | رمضان کے روزے چھوڑنے والے کا کیا انجام ہے؟ | 428 |
| تمام اہلِ ایمان پر | رمضان کا مہینہ کن لوگوں پر فرض کیا گیا؟ | 429 |
| قرآن اسی مہینے میں نازل ہوا | رمضان کو قرآن سے کیا نسبت ہے؟ | 430 |
| ستر گنا بڑھا دیا جاتا ہے | رمضان میں نیکیوں کا کیا درجہ ہے؟ | 431 |
| ستر فرض کے برابر | رمضان میں فرض عبادت کا اجر کیا ہوتا ہے؟ | 432 |
| فرض کے برابر | رمضان میں نفل عبادت کا اجر کیا ہوتا ہے؟ | 433 |
| "روزہ میرے لیے ہے اور میں ہی اس کا اجر دوں گا" | روزے دار کے لیے اللہ کیا فرماتے ہیں؟ | 434 |
| ماہ رمضان کے آغاز پر | رمضان میں جنت کے دروازے کھلتے ہیں، کب؟ | 435 |
| ماہ رمضان کے آغاز پر | رمضان میں جہنم کے دروازے بند ہو جاتے ہیں، کب؟ | 436 |
| جکڑ دیے جاتے ہیں | رمضان میں شیطانوں کا کیا ہوتا ہے؟ | 437 |
| اخلاص کے ساتھ رکھے جائیں تو تمام پچھلے گناہ معاف | رمضان کے روزے بخشش کا ذریعہ کیسے ہیں؟ | 438 |
| مشک سے بہتر | روزے دار کے منہ کی بو کیسی ہے اللہ کے نزدیک؟ | 439 |
| برکت اور سنت ہے | رمضان میں سحری کا کھانا کیوں افضل ہے؟ | 440 |
| لیلۃ القدر کی تلاش، اعتکاف | رمضان کے آخری عشرے کی کیا فضیلت ہے؟ | 441 |
| حج کے برابر | رمضان میں ایک عمرہ کرنے کا اجر کیا ہے؟ | 442 |
| نصف رات کے بعد سے طلوع فجر تک (صبح صادق تک) | سحری کا وقت کب ہوتا ہے؟ | 443 |
| برکت ہے، نبی ﷺ نے حکم دیا | سحری کھانے کی فضیلت کیا ہے؟ | 444 |
| جی ہاں، مؤکد سنت ہے | کیا سحری کھانا سنت ہے؟ | 445 |
| ایک کھجور یا پانی بھی کافی ہے | سحری کی کم سے کم مقدار کیا ہو سکتی ہے؟ | 446 |
| سحری کا وقت ختم ہونے سے پہلے سحری کرنا ختم کر دینا چاہیے | کیا اذان ہوتے ہی سحری بند کرنی چاہیے؟ | 447 |

| | | |
|---|---|---|
| 448 | افطاری کا وقت کب ہے؟ | سورج غروب ہوتے ہی |
| 449 | افطاری میں تاخیر کرنا کیسا ہے؟ | مکروہ ہے، فوراً افطار کرنا افضل |
| 450 | روزہ افطار کرنے کی سنت کیا ہے؟ | کھجور یا پانی سے |
| 451 | روزہ افطار کرانے والے کو کیا اجر ملتا ہے؟ | روزے دار کے برابر اجر |
| 452 | کیا روزے دار کے لیے دعائیں قبول ہوتی ہیں؟ | جی ہاں، خصوصاً افطار کے وقت |
| 453 | کیا کھانے پینے سے روزہ ٹوٹتا ہے؟ | ہاں، جان بوجھ کر کھانے یا پینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے |
| 454 | بھول کر کھانے سے روزہ ٹوٹتا ہے؟ | نہیں، معاف ہے |
| 455 | روزے کی حالت میں جھوٹ بولنا؟ | روزہ کا ثواب ختم کر دیتا ہے |
| 456 | غیبت کرنا روزے پر کیا اثر ڈالتا ہے؟ | گناہ ہوتا ہے، روزے کا اجر کم ہو جاتا ہے |
| 457 | روزے کی حالت میں لڑائی جھگڑا کرنا؟ | منع ہے، نبی ﷺ نے فرمایا "میں روزے سے ہوں" کہے |
| 457 | دانتوں میں خلال کرتے وقت پانی حلق سے اتر جائے؟ | اگر غیر ارادی ہو تو روزہ باقی، جان بوجھ کر ہو تو ٹوٹ جاتا ہے |
| 458 | روزے کی حالت میں خون دینا؟ | جائز ہے، مگر کمزوری ہو تو پرہیز بہتر |
| 459 | روزے کی حالت میں غصہ آنا؟ | پرہیز کرنا لازم ہے، غصہ اجر کم کرتا ہے |
| 460 | جان بوجھ کر قے کرنا؟ | روزہ ٹوٹ جاتا ہے |
| 461 | شبِ قدر کب آتی ہے؟ | رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں |
| 462 | شبِ قدر کا مقام قرآن میں کہاں ذکر ہے؟ | سورۃ القدر مکمل |
| 463 | شبِ قدر کی عبادت کا ثواب کیا ہے؟ | ہزار مہینوں سے بہتر |
| 464 | شبِ قدر میں کون نازل ہوتے ہیں؟ | فرشتے اور روح الامین (جبریل علیہ السلام) |
| 465 | شبِ قدر میں کیا نازل ہوتا ہے؟ | اللہ کا حکم اور تقدیر |
| 466 | نبی ﷺ شبِ قدر کو کب تلاش کرتے؟ | آخری عشرے کی طاق راتوں میں |
| 467 | سب سے زیادہ شبِ قدر کب ہونے کا امکان ہے؟ | رمضان المبارک کی 27ویں رات |
| 468 | شبِ قدر کی سب سے بڑی نشانی کیا ہے؟ | سکون، نور، بارش، نرم روشنی |
| 469 | شبِ قدر کے بعد کی صبح کیسا منظر ہوتا ہے؟ | سورج بغیر شعاع کے طلوع ہوتا ہے |
| 470 | شبِ قدر میں نبی ﷺ کی خصوصی دعا کیا تھی؟ | "اللھم اِنک عفوٌ تحب العفو فاعف ُعنّي" |

| | | |
|---|---|---|
| نماز، قرآن، دعا، استغفار | شبِ قدر کی رات میں کیا اعمال افضل ہیں؟ | 471 |
| جی ہاں، پورا اجر ہے | کیا عورتیں شبِ قدر کی رات میں عبادت کر سکتی ہیں؟ | 472 |
| سال بھر کی تقدیر لکھی جاتی ہے | شبِ قدر میں کس چیز کا فیصلہ ہوتا ہے؟ | 473 |
| گمراہ ہے، قرآن کا منکر | شبِ قدر کا انکار کرنے والا؟ | 474 |
| مسجد میں مخصوص نیت سے عبادت میں مشغول ہونا | اعتکاف کیا ہے؟ | 475 |
| رمضان کے آخری 10 دنوں میں | اعتکاف کب کیا جاتا ہے؟ | 476 |
| جی ہاں، آپ ﷺ ہر سال کرتے تھے | کیا اعتکاف نبی ﷺ کی سنت ہے؟ | 477 |
| اللہ سے تعلق مضبوط کرنا، دنیا سے دوری | اعتکاف کا مقصد کیا ہے؟ | 478 |
| صرف مسجد میں | مرد کا اعتکاف کہاں ہوتا ہے؟ | 479 |
| گھر میں مخصوص جگہ پر (اگر اجازت ہو) | عورت کا اعتکاف کہاں ہو سکتا ہے؟ | 480 |
| سنت مؤکدہ: آخری 10 دن، نفل اعتکاف: جتنے دن چاہیں | اعتکاف کی مدت کیا ہے؟ | 481 |
| صرف ضرورتِ شرعی (وضو، بیت الخلا، وغیرہ) | اعتکاف کی حالت میں مسجد سے باہر جانا کب جائز ہے؟ | 482 |
| قضا واجب ہے (سنت یا واجب اعتکاف ہو تو) | اگر اعتکاف ٹوٹ جائے تو؟ | 483 |
| کچھ لمحے بھی ہو سکتے ہیں | نفل اعتکاف کتنی دیر کا ہو سکتا ہے؟ | 484 |
| جی ہاں، نیت برقرار رہے | کیا سوتے وقت بھی اعتکاف جاری رہتا ہے؟ | 485 |
| فضول بات سے پرہیز، صرف ضروری بات جائز | کیا اعتکاف کے دوران موبائل یا بات چیت کر سکتے ہیں؟ | 486 |
| جی ہاں، بغیر روزے کے رمضان اعتکاف نہیں | اعتکاف کے دوران روزہ رکھنا ضروری ہے؟ | 487 |
| وفات سے پہلے رمضان میں | نبی ﷺ کا آخری اعتکاف کب تھا؟ | 488 |
| روزہ جان بوجھ کر توڑنے پر عائد شرعی جرمانہ | کفارہ کسے کہتے ہیں؟ | 489 |
| روزہ رکھنے کی قدرت نہ ہو تو متبادل طعام دینا | فدیہ کسے کہتے ہیں؟ | 490 |
| بوڑھے، دائمی بیمار جنہیں روزہ رکھنے کی طاقت نہ ہو | کن لوگوں پر فدیہ واجب ہوتا ہے؟ | 491 |
| ایک مسکین کو دو وقت کا کھانا یا اس کے برابر رقم | فدیہ کی مقدار کیا ہے؟ | 492 |
| روزے مسلسل یا 60 مسکینوں کو کھانا کھلانا 60 | اگر کوئی جان بوجھ کر روزہ توڑے تو کفارہ کیا ہے؟ | 493 |
| ہاں، اگر وہ روزہ جان بوجھ کر توڑے | عورت پر بھی کفارہ واجب ہوتا ہے؟ | 494 |

| | | |
|---|---|---|
| 495 | اگر کفارہ کے لیے روزے نہ رکھ سکے تو؟ | پھر 60 مسکینوں کو کھانا دینا واجب |
| 496 | فدیہ صرف رمضان کے روزوں پر ہوتا ہے؟ | جی ہاں، نفلی روزے پر فدیہ نہیں |
| 497 | روزہ غلطی سے ٹوٹ جائے تو کیا کفارہ ہے؟ | کفارہ نہیں، صرف قضا ہے |
| 498 | روزہ انسان کو کون سی عبادات کی طرف مائل کرتا ہے؟ | قرآن، نماز، ذکر |
| 499 | روزہ انسان کو جھوٹ، چغل خوری سے کیسے بچاتا ہے؟ | دل نرمی پکڑتا ہے، تقویٰ بیدار ہوتا ہے |
| 500 | روزہ کیسے بہترین تربیت ہے؟ | وقت کی پابندی، نظم و ضبط سکھاتا ہے |
| 501 | نبی ﷺ نے روزے کو کیا فرمایا؟ | "ڈھال ہے" |
| 502 | روزے کے بعد بہترین دعا کیا ہو سکتی ہے؟ | "اے اللہ! میرا روزہ قبول فرما" |

## ﴾حقوق العباد﴿

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 503 | حقوق العباد کسے کہتے ہیں؟ | دوسرے انسانوں کے وہ حقوق جو ہم پر لازم ہیں |
| 504 | سب سے پہلا حق کس کا ہے؟ | والدین کا |
| 505 | پڑوسی کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیے؟ | حسنِ سلوک، خیر خواہی |
| 506 | نبی ﷺ نے پڑوسی کے بارے میں کیا فرمایا؟ | "جس کا پڑوسی اس کے شر سے محفوظ نہ ہو، وہ مومن نہیں" |
| 507 | یتیم کے ساتھ کیسا برتاؤ ہونا چاہیے؟ | شفقت، محبت، مدد |
| 508 | غریبوں اور محتاجوں کا حق کیا ہے؟ | زکوٰۃ، صدقہ دینا |
| 509 | اسلام میں خادم یا ملازم کے ساتھ کیسا سلوک سکھایا گیا؟ | نرمی، انصاف، احسان |
| 510 | ناپ تول میں کمی کرنا کیسا گناہ ہے؟ | کبیرہ گناہ |
| 511 | نبی ﷺ نے جھوٹے وعدے کے بارے میں کیا فرمایا؟ | "منافق کی علامت ہے" |
| 512 | مسلمانوں کو سلام کرنا کس کا حق ہے؟ | ہر مسلمان کا |
| 513 | بیمار کی عیادت کرنا کس پر فرض ہے؟ | ہر مسلمان پر، سنتِ مؤکدہ |
| 514 | جنازے میں شرکت کرنا کس کا حق ہے؟ | مسلمان بھائی کا |
| 515 | کسی کو تکلیف دینا اسلام میں کیسا ہے؟ | حرام، اللہ تعالیٰ ناراض ہوتا ہے |
| 516 | دوسروں کی عزت کی حفاظت کرنا؟ | فرض ہے، غیبت و بہتان حرام ہیں |

| | | |
|---|---|---|
| 517 | مظلوم کا ساتھ دینا کیسا عمل ہے؟ | فرض اور بہت بڑا اجر |
| 518 | وعدہ پورا نہ کرنا کیسا عمل ہے؟ | خیانت، نفاق کی علامت |
| 519 | جھگڑوں میں صلح کروانا کیسا ہے؟ | بہت بڑا نیکی کا عمل |
| 520 | کسی کو دھوکہ دینا؟ | "جو دھوکہ دے، وہ ہم میں سے نہیں" |
| 521 | قرض کی ادائیگی کا حکم کیا ہے؟ | وقت پر ادا کرنا لازم ہے |
| 522 | کسی کو بلاوجہ تکلیف دینے آپ ﷺ کا فرمان؟ | نبی ﷺ نے فرمایا: "مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے" |

## ﴿حج﴾

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 523 | حج کب فرض ہوا؟ | ہجری میں 9 |
| 524 | حج کس پر فرض ہے؟ | بالغ، مسلمان، صاحبِ استطاعت |
| 525 | حج کے کتنے ارکان ہیں؟ | چار: احرام، وقوف عرفہ، طواف، سعی |
| 526 | حج کا سب سے اہم رکن کیا ہے؟ | وقوف عرفہ |
| 527 | عمرہ کی حیثیت کیا ہے؟ | سنت مؤکدہ |
| 528 | حج کے دوران جھگڑا کرنا کیسا ہے؟ | حرام |
| 529 | کیا عورت اکیلے حج کر سکتی ہے؟ | نہیں، محرم ضروری ہے |
| 530 | حج مبرور کا اجر کیا ہے؟ | جنت |
| 531 | طواف کے دوران کیا دعا مسنون ہے؟ | کوئی مخصوص نہیں، جو چاہے مانگے |

## ﴿حسن اخلاق﴾

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 532 | حسنِ اخلاق کیا ہے؟ | نرم گفتاری، درگزر، خوش مزاجی |
| 533 | نبی ﷺ کے اخلاق کیسا تھا؟ | قرآن کا عملی نمونہ |
| 534 | سب سے بہترین اخلاق کیا ہے؟ | لوگوں کو تکلیف نہ دینا |
| 535 | صبر کا کیا مقام ہے؟ | جنت کا سبب ہے |

| | | |
|---|---|---|
| 536 | عاجزی اختیار کرنا کیسا ہے؟ | اللہ بلند کرتا ہے |
| 537 | سچ بولنے کا کیا اجر ہے؟ | جنت کی طرف رہنمائی کرتا ہے |
| 538 | غصے پر قابو پانا؟ | طاقتور وہی ہے جو غصے پر قابو پائے |
| 539 | حسنِ ظن رکھنا کیسا ہے؟ | مؤمن کی خوبی ہے |
| 540 | حسد سے بچنے کا حکم؟ | حسد نیکیوں کو کھا جاتا ہے |
| 541 | مسکرانا کیسا عمل ہے؟ | صدقہ ہے |

## ﴿دعائیں﴾

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 542 | دعا کا کیا مطلب ہے؟ | اللہ سے مانگنا، فریاد کرنا |
| 543 | دعا کرنا عبادت ہے؟ | جی ہاں، دعا عبادت کا مغز ہے |
| 544 | اللہ کب دعائیں قبول کرتا ہے؟ | جب بندہ دل سے مانگے |
| 545 | سب سے عظیم دعا قرآن میں کون سی ہے؟ | ...ربنا آتنا في الدنیا |
| 546 | نبی ﷺ صبح کی کون سی دعا ہمیشہ پڑھتے تھے؟ | "...اللهم بك أصبحنا" |
| 547 | سفر کی مشہور دعا کون سی ہے؟ | "... سبحان الذي سخر لنا" |
| 548 | بارش کی دعا کیا ہے؟ | "اللهم صيباً نافعاً" |
| 549 | بیماری میں کون سی دعا مسنون ہے؟ | "اللهم اشفِ أنت الشافي" |
| 550 | توبہ کی قبولیت کے لیے کون سی دعا؟ | "رب اغفرلي وتب عليّ" |
| 551 | سب سے مختصر اور جامع دعا؟ | "ربّ زدني علماً" |

## ﴿اسلامی شخصیات﴾

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 552 | سب سے پہلے ایمان لانے والے مرد کون تھے؟ | حضرت ابو بکر صدیقؓ |
| 553 | سب سے پہلے ایمان لانے والی عورت؟ | حضرت خدیجہؓ |
| 554 | سب سے پہلے ایمان لانے والے بچے؟ | حضرت علیؓ |
| 556 | رسول ﷺ کے سب سے قریبی ساتھی کون تھے؟ | حضرت ابو بکر صدیقؓ |

| | | |
|---|---|---|
| 557 | علم کا دروازہ کن کو کہا گیا؟ | حضرت علیؓ کو |
| 558 | عشرہ مبشرہ صحابہ کون ہیں؟ | وہ 10 صحابہ جنہیں جنت کی بشارت دنیا میں دی گئی |
| 559 | سب سے زیادہ احادیث روایت کرنے والے صحابی؟ | حضرت ابوہریرہؓ (تقریباً 5374) |
| 560 | قرآن کے سب سے بڑے حافظ صحابی؟ | حضرت زید بن ثابتؓ |
| 561 | سب سے بہادر صحابی؟ | حضرت خالد بن ولیدؓ |
| 562 | قرآن میں کس صحابی کا ذکر نام لے کر ہوا؟ | حضرت زید بن حارثہؓ |

## ﴿عقائد اسلام﴾

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 563 | ایمان کے بنیادی ارکان کتنے ہیں؟ | چھ (اللہ، فرشتے، کتابیں، رسول، قیامت، تقدیر) |
| 564 | توحید کا مطلب کیا ہے؟ | اللہ کو ایک ماننا، عبادت میں کسی کو شریک نہ کرنا |
| 565 | شرک کیا ہے؟ | اللہ کے ساتھ کسی اور کو شریک ٹھہرانا |
| 566 | رسالت پر ایمان لانا کیا ہے؟ | ماننا کہ محمد ﷺ اللہ کے آخری نبی ہیں |
| 567 | فرشتوں پر ایمان کیا ہے؟ | ماننا کہ وہ اللہ کے حکم سے کام کرتے ہیں |
| 568 | آخرت پر ایمان کیوں ضروری ہے؟ | حساب، جنت، دوزخ پر ایمان، یہ عقیدے کا حصہ ہے |
| 569 | تقدیر پر ایمان کا مطلب؟ | ہر چیز اللہ کے علم و حکم سے ہے |
| 570 | قبر کا عذاب یا راحت قرآن سے ثابت ہے؟ | جی ہاں، اشارۃً موجود ہے |

## ﴿آخرت و قبر کی زندگی﴾

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 571 | قیامت کا دن کیا ہے؟ | حساب و کتاب کا دن |
| 572 | قبر کی زندگی کیا ہے؟ | برزخ، موت کے بعد کی عارضی زندگی |
| 573 | قبر میں پہلا سوال کیا ہوتا ہے؟ | "تمہارا رب کون ہے؟" |
| 574 | نیک لوگوں کے ساتھ قبر میں کیا ہوتا ہے؟ | وسعت، روشنی، جنت کی خوشبو |
| 575 | گناہگاروں کے لیے قبر کیسی ہوتی ہے؟ | تنگ، اندھیری، عذاب والی |
| 576 | قیامت کی سب سے بڑی علامت کیا ہے؟ | سور کا پھونکا جانا |

| | | |
|---|---|---|
| 577 | میزان کا مطلب کیا ہے؟ | اعمال کا تولنا |
| 578 | پل صراط کیا ہے؟ | جہنم پر ایک پُل، سب کو پار کرنا ہو گا |
| | ﴿قیامت کی علامت﴾ | |
| نمبر شمار | سوال | جواب |
| 579 | قیامت کی علامتوں کو کیا کہا جاتا ہے؟ | اشراط الساعہ |
| 580 | قیامت کی سب سے بڑی علامت کیا ہے؟ | سور کا پھونکا جانا |
| 581 | دجال کا آنا؟ | نبی ﷺ نے تفصیل سے بتایا |
| 582 | حضرت عیسیٰؑ کا نزول ہونا؟ | دجال کے قتل کے لیے آئیں گے |
| 583 | سورج کا مغرب سے طلوع ہونا؟ | توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا |
| 584 | دابۃ الارض کا نکلنا؟ | لوگوں کو نشان زد کرے گا |
| 586 | یاجوج ماجوج کا خروج کب ہو گا؟ | قیامت سے پہلے ہو گا |
| | ختم نبوت. کوئز | |
| 587 | ختمِ نبوت کا مطلب کیا ہے؟ | :حضور ﷺ کے بعد کوئی نیا نبی نہیں آئے گا |
| 588 | قرآن مجید کی کس آیت میں حضور ﷺ کو "خاتم النبیین" کہا گیا؟ | :سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 40 |
| 589 | خاتم النبیین" کا ترجمہ کیا ہے؟ | :نبیوں کو ختم کرنے والے (آخری نبی) |
| 590 | حضور ﷺ کے بعد نبی ماننے کا عقیدہ اسلام کے کس حصے کے خلاف ہے؟ | ایمان کے بنیادی عقیدے کے خلاف |
| 591 | ختمِ نبوت کا عقیدہ ایمان کے کس رکن سے جڑا ہے؟ | ایمان بالرسالت |
| 592 | ور ﷺ کے بعد نبوت کا دروازہ کس کے حکم سے بند ہو گیا؟ | اللہ تعالیٰ کے حکم سے |
| 593 | کیا تمام صحابہ کرام ختمِ نبوت پر متفق تھے؟ | :جی ہاں، سب صحابہ متفق تھے |
| 594 | ختمِ نبوت کے اجماع کی بنیاد کس دور میں رکھی گئی؟ | خلافتِ صدیقی رضی اللہ عنہ کے دور میں |

| | | |
|---|---|---|
| 594 | حضور ﷺ کو آخری نبی ماننا ایمان کا کون سا حصہ ہے؟ | بنیادی اور لازمی حصہ |
| 595 | کیا ختمِ نبوت کے بغیر کوئی مسلمان رہ سکتا ہے؟ | نہیں، وہ دائرہ اسلام سے باہر ہو جاتا ہے |
| 596 | تاریخ میں مسلمانوں نے ختمِ نبوت کے لئے کیا کردار ادا کیا؟ | :ہمیشہ اس عقیدے کا دفاع کیا اور قربانیاں دیں |
| 597 | ختمِ نبوت پر ایمان لانا صرف مسلمانوں کے لئے ہے یا سب کے لئے؟ | ایمان لانے والوں (مسلمانوں) کے لئے لازم ہے |
| 598 | امتِ مسلمہ کے اتحاد کی سب سے بڑی بنیاد کون سا عقیدہ ہے | عقیدہ ختمِ نبوت |
| 599 | ختمِ نبوت کے انکار کو اسلام میں کس حیثیت سے : دیکھا جاتا ہے | کفر اور ارتداد کی حیثیت سے |
| 600 | عقیدہ ختمِ نبوت کس نبی کی ذات پر مکمل ہوتا ہے؟ | حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر۔ |